# سُرخاب

# بصری اُردو

## کلیدی الفاظ اور جملہ سازی







اسلامی کلمات

کلیدی الفاظ







واحد جمع





الفاظ ضد


مذکر مونث






بنیاد دوم

SAMPLE





سُرخاب

# بصری اُردو









| | فہرست | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | چھوٹی شکل اور شروع کی آواز | 3 |
| 2 | بڑی شکل اور آخر کی آواز | 7 |
| 3 | مصوتے | 10 |
| 4 | بھاری آوازیں | 11 |
| 5 | کلیدی الفاظ اور ان کے جملے (یہ، وہ، ہے، اور) | 14 |
| 6 | کلیدی الفاظ اور ان کے جملے (کا، کی، کے، ہیں) | 15 |
| 7 | کلیدی الفاظ اور ان کے جملے (ہم، سب، پاس، نہیں) | 16 |
| 8 | کلیدی الفاظ اور ان کے جملے (آپ، میں، ہوں، میرے) | 17 |
| 9 | کلیدی الفاظ اور ان کے جملے (میرا، میری، مجھے، پسند) | 18 |
| 10 | کلیدی الفاظ کا اعادہ | 19 |
| 11 | کلیدی الفاظ کی سرگرمی | 20 |
| 12 | کہانی: پسند ناپسند | 21 |
| 13 | الفاظ ضد اور ان کے جملے (گندا، صاف، تیز، سست) | 22 |
| 14 | الفاظ ضد اور ان کے جملے (بڑا، چھوٹا، طاقتور، کمزور) | 23 |
| 15 | الفاظ ضد اور ان کے جملے (ہلکا، بھاری، ٹھنڈا، گرم) | 24 |
| 16 | الفاظ ضد اور ان کے جملے (خالی، بھرا، اندر، باہر) | 25 |
| 17 | الفاظ ضد اور ان کے جملے (اوپر، نیچے، دائیں، بائیں) | 26 |
| 18 | الفاظ ضد کا اعادہ | 27 |
| 19 | الفاظ ضد کی سرگرمی | 28 |
| 20 | کہانی: میرے دوست | 29 |
| 21 | مذکر مونث اور ان کے جملے (لڑکا، لڑکی، امی، ابو) | 30 |
| 22 | مذکر مونث اور ان کے جملے (بھائی، بہن، بیٹا، بیٹی) | 31 |
| 23 | مذکر مونث اور ان کے جملے (پوتا، پوتی، دادا، دادی) | 32 |
| 24 | مذکر مونث کا اعادہ | 33 |
| 25 | مذکر مونث کی سرگرمی | 34 |
| 26 | کہانی: میرا گھر | 35 |
| 27 | واحد جمع | 36 |
| 28 | گنتی اور جملے | 37 |
| 29 | تعداد سے متعلق سوالات | 39 |
| 30 | ا، و، ی کی شروع کی آواز | 40 |
| 31 | کلیدی الفاظ اور ان کے جملے (بہت، اچھی، اچھے، خوش) | 41 |
| 32 | کہانی: چڑیا گھر | 42 |
| 33 | کلیدی الفاظ اور ان کے جملے (کیا، کہاں، کون، جی ہاں) | 43 |
| 34 | اسلامی کلمات اور ان کے جملے (اللہ حافظ، السلام علیکم، وعلیکم السلام) | 44 |
| 35 | اسلامی کلمات اور ان کے جملے (اللہ اکبر، ماشاءاللہ، الحمدللہ، سبحان اللہ) | 45 |
| 36 | بھاری آوازیں | 46 |
| 37 | کہانی: سلام دعا | 47 |
| 38 | طریقہ تدریس | 48 |


SAMPLE


تاریخ ____________

## بڑی شکل اور آخر کی آواز

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ب | ب | سیب |  | کتاب |  |
| پ | پ | سانپ |  | توپ |  |
| ت | ت | رات |  | شربت |  |
| ٹ | ٹ | بسکٹ |  | اونٹ |  |
| ج | ج | تاج |  | بیج |  |
| چ | چ | کانچ |  | بینچ |  |
| ح | ح | ملاح |  | قوس قزح |  |

SAMPLE

مقاصد: بڑی شکل اور آخر کی آواز کا اعادہ۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | ا |  گھوڑا |  کیلا |  باجا |
| و | و |  سوچو |  یویو |  بولو |
| ی | ی |  مکڑی |  گھڑی |  چابی |
| ے | ے |  کپڑے |  تارے |  دستانے |

ا ا

و و

ی ی

ے ے

مقاصد: مصوتے اور ان کے ذخیرہ الفاظ پہچاننا۔

تاریخ ______________

## کلیدی الفاظ پڑھیے

| | | | |
|---|---|---|---|
| یہ | وہ | ہے | اور |

## پڑھیے اور پینسل پھیریے

۱۔ یہ بلی ہے۔

یہ بلی ہے۔

۲۔ وہ بندر ہے۔

وہ بندر ہے۔

۳۔ یہ بلی ہے اور وہ بندر ہے۔

یہ بلی ہے اور وہ بندر ہے۔

۴۔ یہ بھالو ہے اور وہ گھوڑا ہے۔

یہ بھالو ہے اور وہ گھوڑا ہے۔

۵۔ یہ پھول ہے اور وہ گلدان ہے۔

یہ پھول ہے اور وہ گلدان ہے۔

۶۔ یہ گاجر ہے اور وہ کھیرا ہے۔

یہ گاجر ہے اور وہ کھیرا ہے۔

| بلی | بندر | بھالو | گھوڑا | پھول | گلدان | گاجر | کھیرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
|  |  |  |  |  |  |  |  |

SAMPLE

مقاصد: کلیدی الفاظ بصری مطالعے کے ذریعہ سے یاد کرانا۔ کلیدی الفاظ کا جملوں میں استعمال کرنا۔

# چڑیا گھر



ہم سب نے چڑیا گھر جانا ہے۔سب کے کپڑے صاف ہیں۔

ذیشان کے پاس پانچ گیند ہیں۔



میرے پاس ایک طوطا ہے اور ثوبیہ کے پاس تین بلیاں ہیں۔

وہ بھی میرے ساتھ ہیں۔



ہمارے پاس دس انار ہیں انار اچھے ہیں۔

امی کے پاس چار مالٹے بھی ہیں۔



مجھے چڑیا گھر میں جانور بہت پسند ہیں۔

ثوبیہ بھی چڑیا گھر میں بہت خوش ہے۔

SAMPLE



مقاصد: بصری مطالعہ سے کہانی پڑھانا۔

# طریقہ تدریس

''بصری اردو بنیاد دوم'' کا بنیادی مقصد کلیدی الفاظ، الفاظ ضد، مذکر مونث، واحد جمع اور اسلامی کلمات پہچاننا اور اُن کے جملے بنانا ہے۔ اس کے علاوہ اس کتاب میں بھاری آوازیں اور ا، و، ی کو بطور مصمتے متعارف کرایا گیا ہے۔

## بصری الفاظ کا اعادہ

کتاب کی ابتدا میں حروف کی چھوٹی اور بڑی شکل کے ساتھ بصری الفاظ کا اعادہ دیا گیا ہے۔ یہ وہی الفاظ ہیں جو بچہ پچھلی کتاب سے سیکھ کر آیا ہے۔ سیشن کے شروع میں ان کا اعادہ کروائیے۔ اگر بچہ کوئی لفظ بھول گیا ہے تو فلیش کارڈ کی مدد سے اُس کو دہرائیے۔

## کلیدی الفاظ پڑھانے کا طریقہ کار

۱۔ کمرہ جماعت میں ہر کلیدی لفظ کا فلیش کارڈ سافٹ بورڈ پر آویزاں کریں۔

۲۔ کلیدی الفاظ کی پہچان کے لیے سہ مرحلہ سبق کا طریقہ تدریس استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً صفحہ نمبر ۱۶ کے کلیدی الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ کار کچھ یوں ہوگا۔

(i) کلیدی لفظ 'وہ' پر ہاتھ رکھ کر بولیں: یہ کیا لکھا ہے؟ یہ 'ہم' لکھا ہے۔ ہم، ہم، ہم، (صفحے پر موجود ہر کلیدی لفظ کو باری باری اسی طرح پڑھائیں)

(ii) بچوں کو صفحے کی طرف متوجہ کر کے پوچھیں: ''ہم کہاں لکھا ہے؟'' (صحیح جواب آنے پر صفحے پر موجود ہر لفظ پر یہی سوال پوچھیں)

(iii) اب آپ مختلف کلیدی الفاظ پر انگلی رکھ کر بچوں سے پوچھیں: ''یہ کیا لکھا ہے؟'' (صحیح جواب آنے کے بعد صفحے پر موجود ہر تصویر پر یہ سوال پوچھیں)

جب بچے درست جواب دیں تو ان کی حوصلہ افزائی کیلئے انہیں شاباش ضرور دیں۔ بچوں کو کلیدی الفاظ کی پہچان کے لیے فلیش کارڈ کی مدد لیجیے۔

## جملے پڑھانے کا طریقہ کار

کتاب میں دیے گئے جملے کلیدی الفاظ اور بصری الفاظ سے مل کر بنے ہیں۔ بچہ بصری الفاظ بصری بنیاد اوّل سے سیکھ کر آتا ہے۔ اس کتاب کے آغاز میں بھی ان الفاظ کا اعادہ دیا گیا ہے۔

۱۔ کلیدی الفاظ اور بصری الفاظ کے فلیش کارڈز جملے کے حساب سے بورڈ پر آویزاں کریں۔ جیسے: ہم | سب | کے | پاس | سائیکل | ہے

۲۔ فلیش کارڈ بچوں کو علیحدہ علیحدہ ترتیب سے پڑھائیں۔ (کم از کم پانچ مرتبہ دہرائیں)

۳۔ بچوں سے کتاب کا صفحہ کھلوائیں اور مذکورہ جملہ پڑھنے کو کہیں۔ (بچہ رک رک کر پڑھے گا)

۴۔ پھر بچوں سے تیزی سے پڑھنے کو کہیں۔ (روانی آنے تک دہرائیں)

۵۔ آخر میں اس جملے کے نقطہ دار حروف پر پینسل پھروائیں۔

(اسی طرح صفحے کے سارے جملے پڑھوائیں، بچہ اگر بھول جائے تو صفحے پر دی گئی تصاویر کی مدد سے الفاظ یاد دلائیں)

نوٹ: الفاظ ضد، مذکر مونث، واحد جمع اور اسلامی کلمات بھی اسی طریقے سے پڑھائیے۔

SAMPLE

سُرخاب

# بصری اُردو

بصری اردو کی کتب کا سلسلہ دو سے چھ سال کے بچوں کو مدّنظر رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔ اس میں اردو کے حروف تہجی، ان سے بننے والے ذخیرہ الفاظ اور تصاویر کو بچوں کی جذباتی، نفسیاتی اور تدریسی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر نہایت دلکش انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے ذریعے سے بچوں کو ہجّے یاد کروانے کے بجائے تصاویر اور الفاظ بصری یادداشت (Sight Reading) کی مدد سے سکھائے جاتے ہیں۔ کسی خاص چیز کو بار بار دیکھنے سے اس کا نقش یادداشت میں مستقل مقام حاصل کر لیتا ہے اور ایک بار مذکورہ چیز نظر آتے ہی اس کی پہچان ہو جاتی ہے۔ اس مظہر کو بصری یادداشت (Sight Reading) کہتے ہیں۔ بصری بصر سے اخذ کیا گیا ہے جس کے معنی دیکھنا ہے۔

اس سلسلے کی پہلی کتاب بصری اردو ابتدائی، دوسری بصری اردو بنیاد اوّل اور تیسری بصری اردو بنیاد دوم ہے۔ ان کتابوں کو ختم کرنے کے بعد بچے ۴۰۰ الفاظ سیکھ لیتے ہیں اور سادہ جملے پڑھنے اور سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ ان کتابوں کے ساتھ لکھائی کی مشق کے لیے 'قلمی اردو' اور الفاظ سازی کے لیے 'صوتی اردو' کی کتب پڑھائی جاتی ہیں۔

سُرخاب صوتی اُردو | سُرخاب قلمی اُردو | سُرخاب بصری اُردو

طفلی

SAMPLE